کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں شہریوں کو پانی کی فراہمی، واسا کی کارکردگی اور انتظامی امور کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم ڈی واسا مجیب الرحمن کاکڑ سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی مجیب الرحمن کاکڑ نے بتایا کہ کوئٹہ شہر میں واسا کے مجموعی طور پر 544 ٹیوب ویلز موجود ہیں جن میں سے 387 فعال جبکہ 167 ٹیوب ویلز فنڈز کی کمی کے باعث غیر فعال ہیں شہر میں شہریوں کی روزانہ پانی کی ضرورت تقریباً 60 ملین گیلن ہے جبکہ واسا 31 ملین گیلن پانی فراہم کر رہا ہے یوں طلب اور رسد میں نمایاں فرق موجود ہے واسا کے ٹیوب ویلز کے علاوہ شہر میں تقریباً 998 زرعی ٹیوب ویلز اور 1400 کے قریب کمرشل ٹیوب ویلز بھی موجود ہیں ان میں سے بیشتر نجی کمرشل ٹیوب ویلز غیر رجسٹرڈ ہیں شہر میں گھریلو و کمرشل صارفین کی تعداد 97 ہزار سے زائد ہے جن سے واسا کو تقریباً 240 ملین روپے سالانہ ریونیو حاصل ہوتا ہے صوبائی بجٹ میں واسا کے لیے تقریباً 3 ارب 705 ملین روپے مختص کیے جاتے ہیں جبکہ واسا کے مجموعی اخراجات 4 ارب 64 ملین روپے سے زائد ہیں دشت والفیلڈ بند ہونے کے باعث سریاب کے بعض علاقوں میں پانی کی فراہمی متاثر ہے ذیشان لاشاری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے شہریوں کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔


MASHRIQ QUETTA


## بلوچستان میں ایف سی کی تیسری کمانڈ ویسٹ قائم کر دی گئی

**فرنٹیئر کور کی کمانڈز کی تعداد تین ہو گئی، میجر جنرل فرحان کو ایف سی بلوچستان ویسٹ کا نیا آئی جی تعینات کر دیا گیا**

**صوبے کے مغربی اور سرحدی علاقوں میں سیکورٹی، نگرانی اور انتظامی رابطہ کاری کا نظام مزید منظم کرنے کی توقع**

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں ایف سی ویسٹ کے نام سے نئی کمانڈ قائم کر دی گئی ہے۔ اس سے قبل صوبے........

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

میں ایف سی بلوچستان نارتھ اور ایف سی بلوچستان ساؤتھ کی کمانڈز کام کر رہی تھیں۔ ذرائع کے مطابق نئی ایف سی بلوچستان ویسٹ کا ہیڈ کوارٹر دالبندین میں قائم کیا گیا ہے، جس کے بعد بلوچستان میں فرنٹیئر کور کی کمانڈز کی تعداد تین ہو گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ میجر جنرل فرحان کو ایف سی بلوچستان ویسٹ کا نیا انسپکٹر جنرل (IG) تعینات کر دیا گیا ہے۔ ان کی تعیناتی کے بعد نئی کمانڈ نے باقاعدہ طور پر اپنا انتظامی و آپریشنل ڈھانچہ تشکیل دینا شروع کر دیا ہے۔ ایف سی بلوچستان ویسٹ کے قیام سے صوبے کے مغربی اور سرحدی علاقوں میں سیکورٹی، نگرانی اور انتظامی رابطہ کاری کے نظام کو مزید منظم کرنے کی توقع کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ ایف سی بلوچستان نارتھ اور ساؤتھ پہلے ہی صوبے کے مختلف علاقوں میں فرائض انجام دے رہی ہیں، جبکہ دالبندین میں نئی ویسٹ کمانڈ کا قیام بلوچستان میں ایف سی کے تنظیمی ڈھانچے میں ایک اہم تبدیلی قرار دیا جا رہا ہے۔

## کاروباری ادارے اپنی رجسٹریشن مکمل کرائیں' بلوچستان ریونیو اتھارٹی

**اتھارٹی کا مقصد ٹیکس ادائیگی میں سہولت فراہم کرنا ہے' حکام**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے کوئٹہ میں حال ہی میں قائم ہونے والے مختلف ریسٹورنٹس کا دورہ کیا اور انتظامیہ کو بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت اپنی قانونی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ دوران دورہ ریسٹورنٹس.........

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کی انتظامیہ کو آگاہ کیا گیا کہ متعلقہ کاروباری اداروں کیلئے ضروری ہے کہ وہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور قانون کے مطابق سیلز ٹیکس آن سروسز کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔ BRA ٹیم نے ریسٹورنٹس کو پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹم کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے پورٹل کے ساتھ مربوط کرنے، تمام متعلقہ سیلز کی باقاعدہ انوائسز جاری کرنے اور کاروباری و ٹیکس ریکارڈ کو محفوظ رکھنے کے حوالے سے بھی تفصیلی آگاہی فراہم کی، تاکہ مستقبل میں قانون کے تحت درکار معلومات اور ریکارڈ باآسانی پیش کیے جا سکیں۔ اس موقع پر BRA ٹیم نے واضح کیا کہ اتھارٹی کا مقصد ٹیکس دہندگان کو قانون کے تقاضوں سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں رجسٹریشن، ٹیکس ادائیگی اور ڈیجیٹل نظام کے استعمال میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ ریسٹورنٹس کی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ بروقت رجسٹریشن اور دیگر قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے ذمہ دارانہ ٹیکس تعمیل کو یقینی بنائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 SEP 2026 Page No. 16

## کوئٹہ: گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 11 گرفتار

[illegible]

گداگری کے خاتمے کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں: ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ کھیتران

کوئٹہ (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران کی خصوصی ہدایات پر کوئٹہ شہر کو پیشہ ورانہ گداگری سے پاک کرنے کیلئے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن اور کارروائیوں کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 3

نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، چوکوں اور عوامی مقامات پر پیشہ ور گداگری کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر اور منظم بنائی جائیں اور شہر میں گداگری کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ ان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں 19 ستمبر کو جناح روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کی گئیں جن کے دوران 11 پیشہ ور گداگروں کو گرفتار کیا گیا جن میں 5 خواتین اور 6 مرد شامل ہیں۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے مطابق گرفتار افراد کے خلاف ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد انہیں مزید کارروائی کیلئے متعلقہ انتظامیہ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ پولیس کے تعاون سے مذکورہ علاقوں میں پیشہ ور گداگری کے خلاف اب تک 6 کارروائیاں کی جا چکی ہیں جبکہ آئندہ بھی مختلف علاقوں میں کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران نے حکام کو ہدایت کی ہے کہ پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے کیلئے کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، شہریوں اور بالخصوص بچوں اور خواتین کو گداگری کے منظم نیٹ ورک سے محفوظ رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں اور کارروائیوں کے دوران قانون اور ضابطے کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو پیشہ ور گداگری سے پاک رکھنے کیلئے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے اور ضلعی انتظامیہ سمیت متعلقہ اداروں کے تعاون سے اس مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے مطابق پیشہ ور گداگری کے خاتمے تک کارروائیوں کا یہ سلسلہ مختلف علاقوں میں تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا، تاکہ کوئٹہ شہر کو صاف ستھرا، پرامن اور شہریوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔

## باغبانی کی پیداوار کی قیمتوں سے متعلق موضوع پر تربیتی پروگرام

مقصد زرعی شعبے میں بروقت، معیاری اور قابل اعتماد منڈی معلومات کی دستیابی اور استعمال کو یقینی بنانا ہے

افسران و اہلکاروں کو منڈی کی قیمتوں، انتظام اور رپورٹنگ کے جدید اور معیاری طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک وزراعت (ایف اے او) کی جانب سے یورپی یونین کے مالی تعاون سے جاری ریوائیول آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام (آر بی ڈبلیو آر پی) کے تحت محکمہ زراعت و کوآپریٹو حکومت بلوچستان کے ساتھ مل کر بلوچستان ایگریکلچر مارکیٹ انفارمیشن سسٹم (بی اے ایم آئی ایس) کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، جن کا مقصد زرعی شعبے میں بروقت، معیاری اور قابل اعتماد منڈی معلومات کی دستیابی اور استعمال کو یقینی بنانا ہے تاکہ شواہد پر مبنی فیصلہ سازی کو فروغ دیا جا سکے۔ اس سلسلے میں 8 سے 10 ستمبر تک ایف اے او آفس کوئٹہ میں باغبانی کی پیداوار کی قیمتوں سے متعلق حقیقی وقت کے اعداد و شمار جمع کرنے کے موضوع پر تین روزہ تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا، جس میں ہزار گنجی فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ کوئٹہ میں عملی مشق بھی کرائی گئی۔ تربیتی پروگرام کے دوران محکمہ زراعت کے افسران و اہلکاروں کو بی اے ایم آئی ایس کے ذریعے منڈی کی قیمتوں سے متعلق معلومات جمع کرنے، تصدیق، انتظام اور رپورٹنگ کے جدید اور معیاری طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔ تربیتی پروگرام کے پہلے روز ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع مسعود بلوچ، ایڈیشنل سیکریٹری محکمہ زراعت و کوآپریٹو محمد ایوب منگوڑی اور ایف اے او بلوچستان کے صوبائی دفتر کے سربراہ ولید مہدی نے مشترکہ طور پر محکمہ زراعت کے نامزد اہلکاروں میں ایف اے او کی جانب سے فراہم کردہ 28 ٹیبلیٹس تقسیم کیے۔ ڈیجیٹل آلات کی فراہمی کا مقصد نامزد منڈیوں سے قیمتوں کے اعداد و شمار بروقت اور منظم انداز میں جمع کرنے اور محکمہ زراعت کی معمول کی مارکیٹ مانیٹرنگ کی استعداد کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ تربیتی پروگرام میں منڈی کی قیمتوں کے اعداد و شمار جمع کرنے کے طریقہ کار، زرعی اجناس کی شناخت و درجہ بندی، نمونہ لینے، ڈیٹا کے معیار کو یقینی بنانے اور بی اے ایم آئی ایس سمیت ایگری کلیکٹ آن لائن فیصلہ سازی و منصوبہ بندی معاون پلیٹ فارمز کے استعمال سے متعلق تربیت فراہم کی گئی

JANG QUETTA

## ڈیم کمیشن نے مدارس کی رجسٹریشن، طریقہ کار اور ضلع وار تفصیلات طلب کر لیں

ہ کیلئے اعلان کردہ معاوضہ پیکیج اب تک کسی کو فراہم نہیں کیا گیا، کمیشن کے استفسار پر وکیل نے آگاہی فراہم کی

توں کو معاوضے کی ادائیگی کے احکامات جاری کیے جا چکے، کسی کو مسئلہ درپیش ہو تو رجوع کرے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری

کوئٹہ (خ ن) مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع ... میں پیش آنے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد پیش ہوئی، جن میں عبدالباقی، جو شہید اے ٹی ایف سپاہی جان داد خان کے بھائی ہیں، اور دیگر گواہان شامل تھے۔ عبدالباقی نے اپنا بیان ریکارڈ کرواتے ہوئے تحقیقاتی کمیشن کو ایک ایف آئی آر کی نقل پیش کی، جو سول ہسپتال کوئٹہ میں ان کے شہید بھائی جان داد خان کے جسد خاکی کی صفائی کے دوران شہید کے موبائل فون اور دیگر سامان کے چوری/گم ہونے کے سلسلے میں متعلقہ پولیس اسٹیشن میں درج کرائی گئی تھی۔ گواہ عبدالباقی نے تحقیقاتی کمیشن کو اس واقعے کی ویڈیو فوٹیج بھی فراہم کی۔ علاوہ ازیں، 16 ستمبر 2026 کے ایک حکم کی تعمیل میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے صوبہ بلوچستان میں مدارس کے ضابطہ کار (ریگولیشن) کے طریقہ کار سے متعلق ایک جامع رپورٹ جمع کرائی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 20 SEP 2026 Page No. 15


## پشتون کلچر ڈے پر کوئی پروگرام منعقد نہ کیا جائے، اے این پی

**زیارت، ہنہ اوڑک، شاہرگ، کوہاٹ میں المناک واقعات کے متاثرین سے اظہار یکجہتی ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری ثقافت حضرت علی اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون خوا اور بلوچستان میں حالیہ دردناک واقعات اور بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی نقصانات کے پیش نظر عوامی نیشنل پارٹی نے رواں سال 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کے موقع پر صوبہ بھر میں تمام تقریبات منعقد نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے پارٹی کی تمام ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ پشتون کلچر ڈے سادگی کے ساتھ منایا جائے اور حالیہ سانحات کے متاثرین کے ساتھ بھرپور یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا جائے انہوں نے کہا کہ زیارت، ہنہ اوڑک، شاہرگ، کوہاٹ اور دیگر علاقوں میں پیش آنے والے المناک واقعات نے پشتون معاشرے کو شدید متاثر کیا ہے ان واقعات میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا جبکہ متعدد خاندان اپنے پیاروں سے محروم ہوئے ایسے حالات میں خوشی یا جشن کی تقریبات کے بجائے متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں شریک ہونا اور ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔

## 20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی کیچ کے ہر طبقے کی آواز ہے، رحمت صالح بلوچ

**بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث کئی خاندان نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما بلوچستان اسمبلی میں پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی روزگار اور امن کی بحالی کی تحریک ہے، یہ کسی ایک جماعت یا شخصیت کی نہیں بلکہ کیچ کے ہر غریب مزدور، کسان، طالب علم اور تاجر کی آواز ہے۔ بارڈر بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث لاکھوں خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ مکران کی معیشت کا بڑا دارومدار بارڈر تجارت پر ہے لیکن گزشتہ کئی ماہ سے بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہونے سے کئی خاندان نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف لوگ بے روزگاری اور معاشی مشکلات کے باعث فاقوں پر مجبور ہیں تو دوسری جانب ضلع کیچ میں چوری، ڈکیتی، موٹر سائیکل چھیننے، گھروں میں وارداتوں، فائرنگ اور اغوا برائے تاوان کے واقعات نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ جس سے شہریوں میں شدید عدم تحفظ پایا جاتا ہے جبکہ پولیس اور انتظامیہ کی کارکردگی سے عوام مطمئن نہیں۔

## ضلع کوئٹہ کا مشاورتی جرگہ، تمام اراکین اور منتظمین کی خدمات لائق تحسین ہیں، پشتونخوامیپ

**کمیٹی نے نواب ایاز کو ورکنگ کمیٹی کے سربراہ و دیگر کابینہ کی تشکیل کے لیے مکمل اختیار دیا جس کا اعلان جلد کیا جائیگا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کے زیر صدارت پشتون قومی جرگہ (ضلع کوئٹہ کا مشاورتی جرگہ) کے کامیاب انعقاد پر ضلع کمیٹی کوئٹہ، چاروں تحصیلوں اور تمام کارکنان، کمیٹیوں کے اراکین، منتظمین اور شرکا کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ مشاورتی جرگہ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے بھرپور شرکت کر کے کوئٹہ کے عوام کو درپیش مسائل اور مشکلات کی نشاندہی کی اور ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت عوام کو زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ بدامنی، چوری، ڈکیتی، لاقانونیت، عوام کی زمینوں پر قبضہ گری، وسائل کی لوٹ مار کے لیے عوام کو اپنے گھروں سے ہجرت پر مجبور کرنے، مہنگائی، بیروزگاری، تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ، تجارت، زراعت، آبنوشی اور دیگر بنیادی شعبوں سے متعلق مسائل نے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ شاہراہوں کی بندش، شاہراہوں پر لوٹ مار، قتل و غارت گری، اغوا برائے تاوان، مسافروں، گاڑیوں کو لوٹنے کے واقعات جاری ہیں ایسے حالات میں مختلف شعبوں کے نمائندوں کا ایک پلیٹ فارم پر جمع اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ لائحہ عمل پر غور کرنا مثبت پیش رفت ہے۔

## عوام کے بنیادی حقوق اور معاشی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، ہدایت الرحمن

**اسلام آباد لانگ مارچ اور دھرنے میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے بھرپور شرکت کریں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کو اجاگر اور ان کے حل کے لیے جماعت اسلامی مسلسل جمہوری مزاحمت، دھرنوں اور احتجاج کے ذریعے عوام کی آواز بن رہی ہے۔ 20 ستمبر کو اسلام آباد لانگ مارچ اور دھرنے میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے بھرپور شرکت کریں۔ بھتہ خوری، بدعنوانی اور مہنگائی سے 25 کروڑ عوام بالخصوص بلوچستان کے عوام شدید متاثر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد لانگ مارچ اور دھرنے کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے بنیادی حقوق، امن، روزگار اور معاشی مسائل کے حل کے لیے پرامن اور جمہوری جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ 20 ستمبر کے اسلام آباد لانگ مارچ میں شرکت کے لیے بی، نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، نوتال، سوئی اور ڈیرہ بگٹی کے قافلے نائب امراء صوبہ پروفیسر محمد ایوب اور بشیر احمد ماندائی کی قیادت میں براستہ سکھر سندھ کے قافلوں کے ساتھ، خضدار، لسبیلہ، حب، گوادر، کیچ اور پنجگور کے قافلے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمد اسلم گزگی کی قیادت میں براستہ کراچی اسلام آباد لانگ مارچ میں شریک ہوں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 4 Daily: JANG QUETTA Dated: 20 SEP 2026 Page No. 16

## خاران، راہگیروں کو لوٹ کر فرار ہونے والے ملزمان کا پولیس سے فائرنگ کا تبادلہ

**ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار ہوگیا، گرفتار ملزم سے اسلحہ، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران میں راہگیروں سے مبینہ لوٹ مار کے بعد فرار ہونے والے مشتبہ ملزمان اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک مشتبہ ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق خاران میں راہگیروں سے لوٹ مار کی اطلاع ملنے پر تھانہ صدر پولیس نے ملزمان کا تعاقب کیا۔ شاہ میر بور کے علاقے میں پہنچنے پر مشتبہ ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی جس کے جواب میں پولیس نے بھی کارروائی کی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم دائیں ہاتھ پر گولی لگنے سے زخمی ہوا جسے گرفتار کرلیا گیا جبکہ دوسرا مسلح ملزم تنگ گلیوں کے راستے فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے ایک پستول، 6 مبینہ چوری شدہ موبائل فونز، 15 ہزار 500 روپے نقدی اور 125 سی سی موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ زخمی ملزم کو ٹیچنگ ہسپتال خاران منتقل کردیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

## بی ڈھاڈر کے درمیان 132 کے وی کے دو ٹاورز کو اڑا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی میں بی ڈھاڈر کے درمیان نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے بجلی کے 132 کے وی کے دو ٹاورز کو اڑا دیا، ڈھاڈر سمیت کئی علاقے تاریکی میں ڈوب گئے پولیس کے مطابق کچھی صدر پولیس تھانہ ڈھاڈر کی حدود میں بی گریڈ اسٹیشن سے ڈھاڈر و دیگر علاقوں کو بجلی کی جانے والی 132 کے وی کے دو ٹاورز کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے ڈھاڈر سمیت بیشتر علاقے مکمل تاریکی میں ڈوب گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ کر علاقے کا محاصرہ کرکے سرچ آپریشن شروع کردی گئی۔

## چاغی میں نامعلوم افراد نے بازار سے ایس ایچ او کو اغوا کرلیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چاغی میں نامعلوم افراد نے ایس ایچ او کو بازار سے اغوا کرلیا پولیس کے مطابق چاغی میں ایس ایچ او گل شاہ محمد حسنی بازار میں تھے کہ نامعلوم مسلح افراد اسے اغوا کرکے لے گئے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے شہر بھر کی ناکہ بندی کرکے تلاش شروع کردی۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں جاری، وارداتوں میں ملوث 15 ملزمان گرفتار

**ملزمان سے منشیات، اسلحہ برآمد، مختلف تھانوں میں مقدمات درج، تفتیش جاری ہے، پولیس**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے سنیچرز، منشیات فروشوں، مطلوب مفرور اور سنگین وارداتوں میں ملوث 15 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے قبضے میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ نیو کچلاک کے ایس ایچ......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ندی کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے نوجوان عیسیٰ خان کو لوٹ لیا اور موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے، مگر متاثرہ نوجوان کی ایف آئی آر درج کرنے کی بجائے پولیس نے ابتدائی رپورٹ کے نام پر ٹال مٹول سے کام لیا اور اسے مشورہ دیا کہ وہ یہ لکھوائے کہ موٹر سائیکل گھر کے سامنے کھڑی تھی اور چور لے گئے۔ ترجمان نے کہا کہ ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری میں بدلنا نہ صرف مظلوم کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ مجرموں کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد و شمار چھپانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کی فوری ایف آئی آر درج کی جائے، ملزمان کو گرفتار کرکے لوٹا ہوا سامان برآمد کیا جائے، اور ایف آئی آر درج کرنے سے گریز کرنے والے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے۔ ترجمان نے آئی جی پولیس بلوچستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ وہ نوٹس لیتے ہوئے تمام تھانوں کو ہدایت کریں کہ ہر شکایت پر قانون کے مطابق فوری مقدمہ درج کیا جائے۔

## کوئٹہ، گھر میں کھڑی موٹر سائیکل میں نصب دھماکا خیز مواد پھٹ گیا

**2 افراد جاں بحق، بم ڈسپوزل اسکواڈ کے عملے نے موقع پر شواہد جمع کرلیے**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) کوئٹہ کے ایک گھر میں ہونے والے دھماکے میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق کمرانی کے علاقے الہ آباد کے ایک گھر میں زوردار دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں گھر میں موجود 2 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

نے بتایا کہ دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا جو گھر کے اندر پھٹ گیا تھا۔ پولیس کے مطابق لاشیں کوئٹہ کے سول اسپتال میں منتقل کردی گئیں جب کہ دھماکے کی نوعیت معلوم کرنے کیلئے بم ڈسپوزل اسکواڈ نے موقع پر شواہد جمع کرلیے ہیں۔

## نوشکی پولیس کی کارروائی اشتہاری ملزم گرفتار، اسلحہ، موبائلز اور موٹر سائیکلیں برآمد

**ایس پی نوشکی کی ہدایت پر اور ایس ڈی پی او سٹی جہانزیب حبیب کی سربراہی میں کارروائی**

نوشکی (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس نوشکی تھانہ سٹی کی اہم کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار، اور اہم برآمدگی ایس پی نوشکی سلیم جاوید شاہوانی کی ہدایت پر اور ایس ڈی پی او سٹی جہانزیب حبیب کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ سٹی نوشکی ایس آئی منور زمان نے سی آئی اے اور تفتیشی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 61/2026 بجرم 392/34 ت پ تھانہ سٹی نوشکی میں نامزد ملزم جاوید ولد عبدالمجید قوم مینگل سکنہ غریب آباد نوشکی کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 01 کلاشنکوف، 02 پستول، 01 موٹر سائیکل اور 04 موبائل فون برآمد کرلیے گئے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

Century Express Quetta

## آپریشن ردالفتنہ 3: پنجگور اور چاغی میں 11 دہشتگرد ہلاک

**پنجگور گوارگو میں 5، چاغی کے علاقوں میں 6 مارے گئے، اسلحہ، گولہ بارود برآمد**

**فورسز کی کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، سکیورٹی ذرائع**

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

کے مطابق پنجگور اور چاغی میں فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 11 دہشت گرد ہلاک کردیے۔ پنجگور کے علاقے گوارگو میں 5 مارے گئے، ان کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں بھی موثر کارروائیاں کیں جہاں 6 دہشت گرد ہلاک ہوئے جب کہ ان سے بھی بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 SEP 2026 Page No. 17

# محکمہ تعلیم سنگین انتظامی بحران سے دوچار، ملازمین میں تشویش کی لہر

## پوسٹوں کی شفٹنگ، کتابوں کی ڈیمانڈ، ٹرانسفر پوسٹنگ، معمولی انتظامی معاملات بھی سیکرٹریٹ کی منظوری کے محتاج ہیں

### محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان میں اختیار کی مرکزیت سے ادارہ جاتی تباہی کی راہ ہموار ہو رہی ہے، سیسا ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (اے این این) سینئر ایجوکیشنل سٹاف ایسوسی ایشن (سیسا) کے ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم کا انتظامی بحران شدید تر ہو چکا ہے اور ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان میں اختیار کی مرکزیت سے ادارہ جاتی تباہی کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ پورے محکمے کے ہزاروں ملازمین کے تمام تر اختیارات چند ہاتھوں میں مرکز ہونے سے مسائل بڑھ رہے ہیں۔ پی ایس ڈی پی، پوسٹوں کی شفٹنگ، ایس این ای، کتابوں کی ڈیمانڈ، ٹرانسفر پوسٹنگ سے معمولی انتظامی معاملات تک سب سیکرٹریٹ کی منظوری کے محتاج ہیں۔ سینئر ایجوکیشنل سٹاف ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ بلوچستان کا محکمہ تعلیم اس وقت ایک سنگین انتظامی بحران سے دوچار ہے۔ بنیادی سوال یہ ہے کہ جب دنیا بھر میں مؤثر گورننس کے لیے اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جاتے ہیں تاکہ ملازمین، افسران اور عوام کے مسائل ان کے قریب حل ہوں، تو بلوچستان میں اس کے برعکس اختیارات مسلسل مرکز میں کیوں سمیٹے جا رہے ہیں؟ ان خیالات کا اظہار محکمہ تعلیم کے آفیسران نے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج صورتحال یہ ہے کہ PSDP، SNE، پوسٹوں کی شفٹنگ، کتابوں کی ڈیمانڈ، ٹرانسفر پوسٹنگ حتیٰ کہ معمولی انتظامی معاملات بھی سیکرٹریٹ کی منظوری کے محتاج ہیں۔ نتیجتاً ڈائریکٹوریٹ، ڈویژنل ڈائریکٹوریٹس اور ضلعی تعلیمی افسران عملی طور پر اپنے اختیارات سے محروم ہوتے جا رہے ہیں۔ ماضی میں زمینی حقائق، اسکولوں، ہیڈ ٹیچرز اور ضلعی افسران کی ضروریات کی بنیاد پر منصوبہ بندی ڈائریکٹوریٹ سے ہوتی اور سیکرٹریٹ اسے پالیسی کی شکل دیتا تھا۔ آج یہ شکایات ہیں کہ پلاننگ بھی مرکز میں، پالیسی بھی مرکز میں اور عملدرآمد بھی مرکز سے ہو رہا ہے، جبکہ زمینی سطح کے متعلقہ افسران اور ادارے فیصلہ سازی میں مؤثر طور پر شامل نہیں۔ سب سے تشویشناک معاملہ ٹرانسفر پوسٹنگ کا ہے۔ ایسے سوالات اٹھ رہے ہیں کہ بعض اساتذہ کو غیر ضروری طور پر دور دراز مقامات پر بھیجا گیا، جس سے وہ اپنے مسائل کے حل کے لیے مرکزی دفتر کا رخ کرنے پر مجبور ہوئے۔ محکمہ تعلیم میں غیر رسمی واسطہ کاروں یا "ریٹائرڈ بروکرز" کے کردار سے متعلق شکایات بھی انتہائی سنجیدہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان میں انتظامی بحران کا غیر جانبدارانہ انکوائری اور شفاف احتساب ناگزیر ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ اس تمام صورتحال پر نمائندہ تعلیمی تنظیموں کی مؤثر آواز بھی نمایاں طور پر سنائی نہیں دے رہی۔

# راتوں رات تاریخی شناخت کو مٹانا تشویشناک ہے، سردار اویناش سنگھ

## یہ صرف اینٹوں کی کوئی عمارت نہیں، تقسیم ہند سے پہلے تاریخی گوردوارہ سری سنگھ موجود تھا، بعد ازاں گیبرائیل اسکول قائم رہا

## سکھ برادری نے کبھی بھی تعلیم کی مخالفت نہیں کی، تاہم ایک رات کے اندر تاریخی اور قدیم عمارت کو خاموشی سے مسمار کر دیا گیا

### کوئٹہ، آرچر روڈ تاریخی گوردوارے کی مسماری کے خلاف تمام اقلیتی برادریوں کی مشترکہ پریس کانفرنس میں تحقیقات کا مطالبہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے آرچر روڈ پر واقع تاریخی گوردوارے کی مسماری اور اس کی جگہ مبینہ کمرشل تعمیرات کے خلاف سکھ برادری سمیت ہندو پنچایت، مسیحی برادری، بالمیک اور دیگر اقلیتی برادریوں کے رہنماؤں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا ہے۔ پریس کانفرنس کی قیادت سکھ برادری کے رہنما سردار اویناش سنگھ نے کی۔ پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار اویناش سنگھ نے بتایا کہ تقسیم ہند سے پہلے اس مقام پر تاریخی گوردوارہ سری سنگھ موجود تھا، جہاں بعد ازاں طویل عرصے تک گیبرائیل اسکول قائم رہا اور اس ادارے نے کئی سالوں تک بلاتفریق بچوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سکھ برادری نے کبھی بھی تعلیم کی مخالفت نہیں کی، تاہم ان کی گہری تشویش کا آغاز اس وقت ہوا جب ایک رات کے اندر اس تاریخی اور قدیم عمارت کو خاموشی سے مسمار کر دیا گیا۔ سردار اویناش سنگھ نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ صرف اینٹوں اور پتھروں کی کوئی عام عمارت نہیں ہے، بلکہ یہ ہماری مذہبی شناخت، تاریخی ورثہ اور سکھ برادری کی صدیوں پرانی تاریخ کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر آج اس ناانصافی پر خاموشی اختیار کی گئی تو کل کو ملک کے کسی بھی کونے میں کسی بھی دوسرے مذہبی اور تاریخی مقام کو مسمار کر کے وہاں کمرشل پلازے اور مارکیٹیں تعمیر کی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ یہ مسئلہ صرف چند سکھوں کا نہیں ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان میں ملک کی تاریخ، ثقافت اور مذہبی ورثے محفوظ رہ سکیں گے؟ رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس حساس معاملے پر برادری نے بھی سڑکوں پر انتشار پھیلانے یا کسی بھی مذہب کے خلاف نفرت کا راستہ اختیار نہیں کیا، بلکہ اس ناانصافی کے خلاف تمام متعلقہ حکام، صوبائی اسمبلی اور ایوانِ بالا (سینٹ) تک پرامن طریقے سے اپنی آواز پہنچائی ہے۔ انہوں نے ضلعی و صوبائی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے بروقت ایکشن لیتے ہوئے کمرشل پلازے کی غیر قانونی تعمیر کو رکوانے کے لیے انتظامی کارروائی عمل میں لائی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب اس ملک کے قانون پسند شہری ہیں اور ہم کبھی اپنے وطن عزیز پاکستان کی بدنامی کا سوچ بھی نہیں سکتے۔ پریس کانفرنس کے آخر میں وزیراعظم پاکستان، وزیراعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر بلوچستان سے پرزور اپیل کی گئی کہ وہ اس پورے واقعے کی غیر جانبدارانہ اعلیٰ سطح پر تحقیقات کروائیں۔ اس ضمن میں متعلقہ زمین کا اصل ریکارڈ سامنے لایا جائے تاکہ اس کی قانونی حیثیت بالکل واضح ہو سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اگر تاریخی اور قانونی ریکارڈ سکھ برادری کے حق کی تائید کرتا ہے تو یہ اراضی اور مقام فوری طور پر سکھ برادری کے حوالے کیا جائے، تاریخی گوردوارے کو اس کی اصل شناخت کے ساتھ دوبارہ تعمیر کیا جائے اور وہاں پر دوبارہ تعلیمی ادارہ بھی قائم کیا جائے۔ رہنماؤں نے عزم ظاہر کیا کہ سکھ برادری ہر حال میں پرامن رہے گی اور اس حق کے حصول کے لیے آئینی اور قانونی راستہ ہی اختیار کرے گی۔

# اورماڑہ میں خطرناک مچھر کی بڑی تعداد میں موجودگی، فوری مچھر مار اسپرے کا مطالبہ

### ایڈیز ایجپٹی ڈینگی وائرس، چکن گونیا اور زیکا وائرس کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتا ہے، محمود بزنجو

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ شہر اور اس کے گرد و نواح میں مہلک بیماریوں کا سبب بننے والے خطرناک مچھر ایڈیز ایجپٹی Aedes aegypti کی بڑی تعداد میں موجودگی کی نشاندہی کی گئی ہے جس کے بعد علاقے میں ڈینگی، چکن گونیا اور زیکا وائرس جیسی وبائی بیماریاں پھیلنے کا شدید خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ ماحولیاتی صحافی اور وائلڈ لائف ریسرچر محمود بزنجو کے مطابق انہوں نے فیلڈ مشاہدات اور بنیادی تحقیقات کے دوران اورماڑہ شہر کے مختلف حصوں اور رہائشی علاقوں میں اس خاص نسل کے مچھروں کی موجودگی کو نوٹس کیا ہے۔ محمود بزنجو نے مچھر کی جسمانی و جینیاتی خصوصیات تفصیل سے بتاتے ہوئے وضاحت کی کہ ایڈیز ایجپٹی عام مچھروں سے بالکل مختلف ہوتا ہے اس کا جسم گہرے سیاہ رنگ کا ہوتا ہے جس پر سفید نقش و نگار واضح ہوتے ہیں۔ اس کی بنیادی اور سب سے اہم سائنسی پہچان اس کی پشت پر موجود ایک مخصوص پیٹرن ہے جس میں باہر کی جانب دو سفید لکیریں کمان کی طرح گولائی میں مڑی ہوتی ہیں۔

# شوہر اور کزن نے ورغلا کر کالعدم تنظیم کیلئے کام کرنے پر مجبور کیا، خدیجہ بی بی جان

### والدین اور بچیوں سے اپیل ہے کہ کالعدم تنظیموں کے بہکاوے میں نہ آئیں، صفیہ عبدالخالق

### نرسنگ کی تعلیم حاصل کر رہی تھی، میرے شوہر کا دہشت گرد تنظیم سے تعلق تھا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے تربت کی خدیجہ بی بی جان اور ہیمہ کی رہائشی صفیہ عبدالخالق نے کہا ہے کہ ہمیں میرے شوہر اور کزن نے ورغلا کر کالعدم تنظیم کیلئے کام کرنے پر مجبور کر کے کمانڈر سے بات کروائی ہم نے اب ان کے لئے کام کرنا چھوڑ کر قومی دھارے میں آ کر والدین اور دیگر بچیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ کالعدم تنظیموں کے بہکاوے میں نہ آئے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ خدیجہ بی بی جان نے کہا کہ میں تربت کے علاقے تمپ کی رہائشی ہوں بی ایم سی کالج میں نرسنگ کی تعلیم حاصل کر رہی تھی کہ میرے شوہر حاصل عرف دودا کا دہشت گرد تنظیم سے تعلق تھا انہوں نے بتایا کہ میرے شوہر نے میرے بھائی کو بھی تنظیم میں شامل کیا تھا اور اس کے بعد میرے شوہر نے مجھے بھی ورغلایا کہ میں ان کے لئے کام کروں اور میں نے ان کیلئے کام کیا جس کے بعد سیکورٹی فورسز کی جانب سے مجھے کوئٹہ سے حراست میں لے لیا گیا۔ انٹیلیجنس کے دوران مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا اور میں اپنے اس کیے گئے اقدام پر شرمندہ ہوں اور اپنے بہن بھائیوں سمیت بلوچستان کے لوگوں سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ حالات کی سنگینی اور اپنے دشمنوں کو پہچانے ان کی چالوں کو سمجھے اور ان کے بہکاوے میں آ کر پاکستان کیخلاف کام نہ کریں۔ اس موقع پر بلوچستان کے علاقے ہیمہ سے تعلق رکھنے والی صفیہ عبدالخالق نے بتایا کہ میرے کزن اسرار کا تعلق کالعدم تنظیم سے تھا اس نے مجھے بھی ورغلا کر اپنے ساتھ کالعدم تنظیم میں شامل کرایا اور بعد میں کالعدم تنظیم کے کمانڈر سے رابطہ کروا کر بات کرائی جس کے بعد کمانڈر نے مجھے موبائل فون دلایا اور مجھے خودکش حملے میں استعمال کرنے کیلئے گاڑی چلانا بھی سکھائی اس کے بعد میں پکڑی گئی انہوں نے بتایا کہ کالعدم تنظیم والے بچیوں کو ورغلاتے ہیں جس کے بعد وہ انہیں اپنے مقصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں ہماری بلوچستان کے لوگوں والدین اور دوسری لڑکیوں سے اپیل ہے کہ وہ کالعدم تنظیموں ان کے ساتھ کام کرنے اور اپنے رشتہ داروں کے بہکاوے میں نہ آئیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 SEP 2026 Page No. 18




# مینا مجید بلوچ، انتہاء پسندی و دہشت گردی کے خلاف بلوچستان کی توانا آواز



تحریر: نسیم الحق زاہدی

بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف سیکیورٹی فورسز کے میدان تک محدود نہیں، بلکہ اس کے خلاف سیاسی، سماجی اور عوامی سطح پر بھی مضبوط آواز کی ضرورت ہے۔ ایسے میں رکن بلوچستان اسمبلی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید کا کردار نمایاں نظر آتا ہے، جنہوں نے ہر موقع پر دہشت گردی کے خلاف نہ صرف واضح موقف اختیار کیا بلکہ خواتین، بچوں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کے خلاف بھی کھل کر آواز بلند کی۔ مارچ 2025 میں بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں انہوں نے بلوچ خواتین کو خودکش بمبار بنانے اور دہشت گردی کے لیے استعمال کیے جانے کے خلاف قرارداد پیش کی۔ اس موقع پر جعفر ایکسپریس پر دہشت گرد حملے کی بھی مذمت کی گئی اور اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ دہشت گرد تنظیمیں بلوچ خواتین کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہی ہیں۔ قرارداد میں بلوچ معاشرے میں خواتین کی اہمیت، کردار اور احترام کو اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ ایک طرف حکومت خواتین کو تعلیم، سیاست اور سماجی شعبوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کر رہی ہے جبکہ دوسری جانب دہشت گرد عناصر معصوم بچیوں اور خواتین کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ مینا مجید نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں جتنی جنگیں لڑی گئی ہیں وہ خواتین کے احترام میں لڑی گئی ہیں، مگر آج تعلیم یافتہ بچیوں کو خودکش بمبار بنایا جا رہا ہے جس کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے۔ بلوچستان اسمبلی نے دہشت گردی کے واقعات اور بلوچ خواتین کو خودکش بمبار بنانے کے خلاف قرارداد منظور کی۔ خواتین کو دہشت گردی کی کارروائیوں میں استعمال کرنا صرف امن و امان کا مسئلہ نہیں بلکہ ایک سنگین سماجی اور انسانی المیہ ہے۔ دہشت گرد عناصر جب خواتین کی شناخت، اعتماد اور معاشرتی مقام کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں تو اس کے اثرات صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے معاشرے کو متاثر کرتے ہیں۔ اسی لیے بلوچستان اسمبلی میں اس معاملے کو اٹھانا محض ایک قرارداد پیش کرنے تک محدود نہیں تھا بلکہ اس سوچ کے خلاف ایک واضح آواز تھی جو خواتین اور معصوم طالبات کو دہشت گردی کا ذریعہ بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔

مینا مجید کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف یہ موقف اگست 2026 میں ایک بار پھر اس وقت نمایاں طور پر سامنے آیا جب تربت کے علاقے کلی مینگل آباد میں ایک ماں اور بچی کو ان کے گھر میں قتل کر دیا گیا۔ 16 اگست 2026 کو بلوچستان کی خواتین پارلیمنٹیرینز نے اس انسانیت سوز واقعے کی شدید مذمت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، مشیر برائے کھیل مینا مجید اور رکن بلوچستان اسمبلی ہادیہ نواز نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ جس میں مینا مجید نے بتایا کہ گزشتہ روز فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے تربت کے کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کو قتل کیا، جس پر تربت سمیت پورا بلوچستان سوگوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی بی حنیفہ سرکاری ملازمہ تھیں، جبکہ ان کا خاندان سیلاب سے متاثر ہوا تھا اور پاک فوج کے تعاون سے ان کا گھر بحال کیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ماں بیٹی کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ پر امن شہری کی حیثیت سے زندگی گزار رہی تھیں۔ مینا مجید نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد صرف سیکیورٹی فورسز ہی نہیں بلکہ بے گناہ شہریوں، خواتین اور بچوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں، حکومت اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہیں اور بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو شکست دی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ عوام کو دہشت گردوں کی شناخت اور ان کے خلاف اپنا کردار ادا کرنا ہوگا جبکہ انسانی حقوق کی چیمپئن بننے والی تنظیموں کی جانب سے اس واقعے پر خاموشی افسوسناک ہے اور مظلوموں کے لیے ہر جگہ آواز اٹھائی جائے گی۔ خواتین پارلیمنٹیرینز نے اس امر پر بھی زور دیا کہ گھر میں گھس کر خواتین کو نشانہ بنانے والے عناصر بلوچ قوم اور بلوچستان کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ جب دہشت گرد کسی گھر میں داخل ہو کر نہتی خواتین کو قتل کرتے ہیں تو یہ نہ صرف انسانی جانوں پر حملہ ہوتا ہے بلکہ معاشرے کے امن، گھریلو تحفظ اور بنیادی سماجی اقدار کو بھی چیلنج کرتا ہے۔ ایسے حالات میں مینا مجید کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف کھل کر آواز بلند کرنا نہایت قابل ستائش عمل ہے۔

**مینا مجید بلوچ کی کوشش اور خواہش ہے کہ نئی نسل ہر میدان میں آگے آئے اور بلوچستان کے نوجوان کھیلوں سمیت ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواتے ہوئے ملک اور صوبے کا نام روشن کر سکیں**





دہشت گردی کے مقابلے کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ خوف کے ماحول میں عوامی زندگی کو رکنے نہ دیا جائے اور نوجوانوں کو ایسے مواقع فراہم کیے جائیں جہاں وہ اپنی صلاحیتیں مثبت انداز میں استعمال کر سکیں۔ اسی تسلسل میں 7 ستمبر 2026 کو صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ کے جی او آر کالونی فٹسال گراؤنڈ کی مرمت و بحالی کا کام مکمل کیا گیا۔ یہ گراؤنڈ طویل عرصے سے خستہ حالی کا شکار تھا، تاہم بحالی کے بعد دوبارہ کھیلوں کی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا اور بچے اور نوجوان فٹسال سمیت مختلف کھیلوں میں حصہ لینے لگے۔ یہ محض ایک گراؤنڈ کی مرمت کا معاملہ نہیں بلکہ نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع فراہم کرنے کی ایک عملی کوشش بھی ہے، کیونکہ کھیلوں کے میدان آباد ہوں تو نوجوان اپنی توانائیاں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں میں استعمال کرتے ہیں اور انہیں اپنی صلاحیتیں سامنے لانے کے مواقع ملتے ہیں۔ اس کے اگلے ہی روز 8 ستمبر 2026 کو مینا مجید کی زیر صدارت کھیلوں کے آئندہ ایونٹس اور مختلف گراؤنڈز کی مرمت و بحالی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں انٹر پروونشل چیلنج کپ، چھٹا آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ، یوتھ سمر اور ویمن لیڈرشپ گرلز کانفرنس سمیت دیگر کھیلوں کے ایونٹس کی تیاریوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کرکٹ اکیڈمی، کیو ڈی اے فٹسال گراؤنڈ، اسکاچ روڈ فٹسال گراؤنڈ اور شاہوانی فٹبال گراؤنڈ سمیت مختلف گراؤنڈز کی مرمت، کھیلوں کی سہولیات اور ایونٹس کے لیے میدانوں کی تیاری کا بھی جائزہ لیا گیا۔ انٹرا پروونشل چیلنج کپ کے حوالے سے بتایا گیا کہ ٹورنامنٹ کا آغاز 8 ستمبر سے کوئٹہ میں ہوگا، جس میں بلوچستان کے 16 اضلاع کی ٹیمیں حصہ لیں گی اور انڈر 19 اور انڈر 23 کے نوجوان کھلاڑی شرکت کریں گے جبکہ فائنل 14 ستمبر کو ایوب کرکٹ اسٹیڈیم میں

**مینا مجید نے مختلف مواقع پر دہشت گردی کے خلاف ... برقرار رکھا اور بلوچستان کی خواتین، بچوں اور نوجوانوں ... ساتھ ساتھ ان کے بہتر مستقبل سے متعلق سرگرمیوں ...**

